جانیں کہ کب خود پر نگاہ رکھنی ہے، خود کو آئسولیٹ کرنا ہے یا اپنے بچے کو اسکول بھیجنا ہے

والدین کے پاس کووڈ-19 کے بارے میں، اور اپنی فیملیز اور کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے انہیں کیا کرنا چاہیے اس بارے میں سوالات ہوتے ہیں۔ ذیل میں امکانی صورتحال کی کچھ مثالیں نیز والدین کی رہنمائی میں مد کے لیے معلومات درج ہیں۔

کیا ہوگا اگر...

جولیا میں کووڈ-19 کی علامات ہیں:

- جولیا پر گھر پر رہنا، خود کو آئسولیٹ کرنا، اور جانچ کروانے کا انتظام کرنا لازم ہے۔
- جولیا کے جو سگے بھائی بہن اور فیملی کے بالغ ممبران اسکولی ادارے میں جاتے ہیں ان پر تب تک گھر پر رہنا اور خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے جب تک کووڈ-19 کا ازالہ نہ ہو جائے۔
- جولیا اسکول واپس جا سکتی ہے اگر اس کی جانچ منفی ہو، کم از کم 24 گھنٹے تک اس کی علامات میں بہتری آتی رہی ہو۔
- جولیا کے جو سگے بھائی بہن اور فیملی کے بالغ ممبران اسکولی ادارے میں جاتے ہیں وہ جولیا کی جانچیں منفی ہونے پر اسکول واپس جا سکتے ہیں۔



ابیشولا میں علامات ہیں اور کووڈ-19 کی جانچیں مثبت ہیں:

- ابیشولا کی علامات شروع ہونے کے دن سے 10 دنوں تک اس پر گھر پر رہنا اور خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے۔
- ابیشولا کے گھرانے کے ہر فرد پر کم از کم 14 دنوں تک گھر پر رہنا اور خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے۔
- والدین کو چاہیے کہ جانچ کے مثبت نتیجے کی اطلاع اسکول کو دیں۔ پرنسپل ابیشولا کی کلاس بند کر دیں گے۔ صحت عامہ مزید ہدایات کے ساتھ فیملی سے رابطہ کرے گا۔

باؤ-لی میں کووڈ-19 کی علامات ہیں، لیکن اس نے جانچ نہیں کروائی:

- باؤ-لی پر اپنی علامات شروع ہونے کے وقت سے 10 دنوں تک گھر پررہنا اور خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے۔
- اس کے جو سگے بھائی بہن اور فیملی کے بالغ ممبران اسکولی ادارے میں جاتے ہیں ان پر 14 دنوں تک گھر پر رہنا اور خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے۔
- 10 دنوں کے بعد، اگر باؤ-لی کی علامات بہتر ہو رہی ہوں تو وہاسکول واپس جا سکتا ہے ۔
- اس کے گھرانے کے جو بالغ افراد اور بچے اسکولی ادارے میں جاتے ہیں وہ 14 دنوں کے بعد اسکول واپس جا سکتے ہیں، اگر ان میں علامات نہ ہوں۔

جانیں کہ کب خود پر نگاہ رکھنی ہے، خود کو آئسولیٹ کرنا ہے یا اپنے بچے کو اسکول بھیجنا ہے

عبدل ایک ایسے فرد کے قریبی رابطے میں تھا جس کو کووڈ-19 ہے:

- عبدل پر گھر پر رہنا، خود کو آئسولیٹ کرنا اور صحت عامہ کے مشورے پر عمل کرنا لازم ہے۔
- عبدل کے سگے بھائی بہنوں پر عبدل کی 14 دن خود کو آئسولیٹ کرنے کی مدت تک گھر پر رہنا لازم ہے۔
- اگر بالغ افراد میں علامات نہیں ہیں تو وہ اسکول یا کام پر جا سکتے ہیں۔
- اگر عبدل میں علامات پیدا ہوتی ہیں تو، اس کے گھرانے کے باقی سبھی افراد پر گھر پر رہنا اور خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے۔ عبدل کو جانچ کے لیے جانا چاہیے۔
- اگر عبدل کی جانچ منفی ہے تو، عبدل کی آئسولیشن کی مدت تک اس کے سگے بھائی بہنوں کو اب بھی گھر پر رہنا ہے۔ اگر گھرانے کے تمام بالغ افراد میں علامات نہ ہوں تو وہ اسکول/کام پر واپس جا سکتے ہیں۔ چاہے عبدل کی جانچ منفی ہو، اسے اسکول میں اپنی واپسی سے قبل سیلف آئسولیشن کے 14 دن مکمل کرنا لازم ہے کیونکہ علامات کو ظاہر ہونے میں اتنی ہی مدت لگ سکتی ہے۔

برٹا کی ماں ایک ایسے فرد کے قریبی رابطے میں تھیں جن کی کووڈ-19 کی جانچ مثبت تھی:

- برٹا کی ماں پر گھر پر رہنا، خود کو آئسولیٹ کرنا، اور جانچ کروانے کا انتظام کرنا لازم ہے۔
- برٹا اور اس کے سگے بھائی بہنوں کو اپنی ماں کی 14 دن آئسولیشن کی مدت تک پورے وقت اسکول سے گھر پر رہنا لازم ہے۔
- اگر برٹا کی ماں کو سیلف آئسولیشن میں رہنے کے دوران ان میں کووڈ-19 کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں تو، ان کے گھرانے میں ہر کسی کو تب خود کو آئسولیٹ کرنا ہوگا جب تک ان کی ماں کی جانچ سے کووڈ-19 کا ازالہ نہ ہو جائے۔
-

جیکسن کے والد نے پچھلے 14 دنوں میں کینیڈا سے باہر کا سفر کیا ہے:

- جیکسن کے والد پر گھر پر رہنا اور 14 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرنا، ترجیحی طور پر گھر کے دوسرے لوگوں سے الگ کمرے میں، لازم ہے۔
- جیکسن، اس کے سگے بھائی اور جو کوئی بالغ افراد اسکولی ادارے میں جاتے ہیں ان پر بھی 14 دن کے سفری کورنٹین کی پوری مدت تک گھر پر لازم ہے۔
- اگر جیکسن کے والد میں علامات پیدا ہوتی ہیں تو، انہیں جانچ کروانی چاہیے۔
- اگر جیکسن کے والد کی کووڈ-19 کی جانچ مثبت آتی ہے تو جیکسن اور اس کے گھرانے کے باقی سبھی افراد کو گھر پر رہنا اور 14 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرنا ہوگا۔